شہید حاج قاسم سلیمانی فرائض کی انجام دہی اور میدان جہاد میں کسی چیز کی پروا نہیں کرتے تھے - 5 /Jan/ 2020

رہبرمعظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ نے اسلام کے مایہ ناز کمانڈر میجر جنرل قاسم سلیمانی کے گھر حاضر ہوکر شہید کے سوگوار خاندان سے ملاقات اور انھیں تعزیت اور مبارکباد پیش کیہ

رہبرمعظم انقلاب اسلامی نے شہید جنرل قاسم سلیمانی کے اہل خانہ کو اس شہادت کی تعزیت اور ساتھ ہی مبارکباد پیش کیہ

رہبرمعظم انقلاب اسلامی نے شہید میجرجنرل قاسم سلیمانی کے جذبہ خلوص ، ایثار ، فداکاری اور جذبہ قربانی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا: میجر جنرل قاسم سلیمانی متعدد بار شہادت کے بالکل قریب پہنچ گئے تھے لیکن راہ خدا میں پیش قدمی، فرائض کی انجام دہی اور میدان جہاد میں وہ کسی قسم کی کوئی پروا نہیں کرتے تھےہ

رہبرمعظم انقلاب اسلامی نے دنیا کے خبیث ترین افراد یعنی امریکیوں کے ہاتھوں میجر جنرل قاسم سلیمانی کی شہادت اور اس جرم پر امریکیوں کی خوشی اور فخرکو اس شجاع مجاہد کے لئے ممتازخصوصیت قراردیتے ہوئے فرمایا: شہید قاسم سلیمانی کا جہاد بہت عظیم تھا اور اللہ تعالی نے ان کی شہادت کو بھی عظیم شہادت قرار دیا، یہ عظیم نعمت الحاج قاسم سلیمانی کو مبارک ہو اور وہ اس کے حقدار اور سزاوار تھے اور حاج قاسم کو اسی انداز سے شہید ہونا تھاہ

رہبر انقلاب اسلامی نے شہید کمانڈر کے اہل خانہ اور ایرانی عوام کے لئے اللہ تعالی کی بارگاہ سے صبر و سکون کے نزول کی دعا کرتے ہوئے فرمایا: آپ نے آج مشاہدہ کیا کہ ملک کے مختلف شہروں میں لوگ کثیر تعداد میں اور بڑی عقیدت کے ساتھ سڑکوں پر نکل آئے ، تشییع جنازہ کا پروگرام بھی آپ دیکھیں گے، یہ نعمتیں ہماری آنکھوں کے سامنے ہیں تاکہ ہم شہادت کی عظمت کو سمجھ سکیںہ

حاج قاسم سلیمانی خوش نصیب انسان ہیں جو اپنی دیرینہ آروز اور تمنا تک پہنچ گئے، وہ شہادت کا شوق رکھتے تھے اور اس کے لئے گریہ کرتے تھے، اپنے شہید ساتھیوں کے غم میں غمزدہ رہتے تھےہ

رہبر معظم انقلاب اسلامی آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے بیرونی جہاد سے پہلے اندرونی جہاد یعنی جہاد اکبر ضروری قراردیا اور شہید میجر جنرل سلیمانی کی بیٹی کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا: ساری دنیا اور ایرانی عوام آپ کے والد کے قدرداں اور ان کے غم میں عزادار اورسوگوار ہیں، یہ قدردانی اس عظیم خلوص کی وجہ سے ہے جو اس عظیم انسان کے اندر موجود تھی، کیونکہ دلوں کا اختیار اللہ کے ہاتھ میں ہے، جب تک خلوص نہ ہو لوگوں کے دل اس طرح کسی کی طرف مائل اور متوجہ نہیں ہوتےہ اللہ تعالی ہم سب کو اور ایرانی قوم کو نیک صلہ مرحمت فرمائےہ